افطار امریکی سفارت خانہ میں

بشکریہ وکاس نروہ

گذشتہ ۲۲/اکتوبر ۲۰۰۵ کو امریکی سفیر ڈیوڈ ملفورڈ کی جانب سے ان کی قیام گاہ روزویلٹ ہاوس میں افطار اور عشائیہ کا اہتمام کیا گیا تھا جس میں دھلی کے ہر طبقہ زندگی سے تعلق رکھنے والے تقریباً ۴۰ قابلِ ذکر مسلمانوں نے شرکت کی۔ واشنگٹن سے آئے ہوئے انڈر سکریٹری آف اسٹیٹ برائے سیاسی امور نکولاس برنس اور سفیر ڈیوڈ ملفورڈ نے اپنی تقاریر میں انفرادی کردار کی تعمیر وتشکیل میں روزے کی اھمیت اور موجودہ دور میں اسلام کے تعمیری کردار پر اظھار خیال کیا۔ نائب سفیر رابرٹ بلیک (دائیں) نے انفرادی طور پر بیشتر شرکاء سے گفتگو کی (نیچے) انڈرسکریٹری آف اسٹیٹ برائے سیاسی امور نکولاس برنس (بائیں) جامعہ ریاض العلوم دھلی کے استاد مولانا علی اختر امان اللّٰہ (دائیں) سے گفتگو کرتے ہوئے۔

بشکریہ وکاس نروہ